سوال

(135) عورتوں کو خط وکتابت سکھانے کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتوں کو خط وکتابت سکھانے کا کیا حکم ہے۔ جائز ہے یا منع؟

(عبدالرحمٰن از کلکتہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو کام مردوں کو جائز ہے۔ وہ عورتوں کو بھی جائز ہے۔ یہ تو ہے عام دلیل خاص یہ ہے کہ آپ ﷺ نے ایک عورت کو فرمایا۔ تو نے حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جس طرح لکھنا سکھایا ہے۔ گرم دانوں (پت) کا علاج بھی سکھا دے۔ ثابت ہوا کہ کتابت سکھانی جائز ہے۔

نوٹ

اس مضمون پر ایک مختصر سا رسالہ مصنفہ مولانا شمس الحق ڈیانوی کتاب سبل السلام مطبوعہ دہلی کے ساتھ ملحق ہے۔ (11 مارچ 1932ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 104

محدث فتویٰ